24/02/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اشفاق امین

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی کل سے اسرائیل کا دو روزہ سرکاری دورہ کر رہے ہیں ۔ دورے کے دوران وزیر اعظم اپنے اسرائیلی ہم منصب بنجمن نتن یاہو کے ساتھ دو طرفہ امور پر بات چیت کریں گے ۔ اسرائیل میں بھارت کے سفیر جے پی سنگھ نے وزیر اعظم کے اسرائیل کے دورے کو تاریخی قرار دیا ہے ۔

الیکشن کمیشن

الیکشن کمیشن آف انڈیا آج بھارت منڈپم نئی دلی میں چناؤکمیشن اور ریاستوں کے انتخابی کمشنروں کی قومی گول میز کانفرنس کا اہتمام کر رہا ہے۔ یہ راونڈ ٹیبل کانفرنس 27 برس کے عرصے کے بعد منعقد ہو رہی ہے اور اس کی صدارت چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کر رہے ہیں ۔ اس کانفرنس کا مقصد الیکشن کمیشن اور سٹیٹ الیکشن کمشنروں کے مابین تعاون کو فروغ دینا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کھیلو انڈیا سرمائی کھیل امن ، مساوات اور یکجہتی کے جذبے کو تقویت بخشنے میں مدد گار ثابت ہو رہے ہیں ۔ گلمرگ میں کل کھیلو انڈیا سرمائی کھیل مقابلوں کے چھٹے شمارے کا آغاز کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ یہ بڑا سرمائی کھیل مقابلہ ہمارے قوم کی سپورٹنگ ثقافت کی عکاس ہے ۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں پچھلے چند برسوں کے دوران جموں کشمیر میں کھیلوں کے منظر نامے میں مثبت تبدیلی آئی ہے ۔

وزیر اعلیٰ

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت گلمرگ کو ایک بین الاقوامی سطح کا Ski مقام بنانے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ایسا کرنے سے کھیل کود کے ساتھ ساتھ سیاحت سے جُڑے افراد کے لئے روزگار کے مواقعے پیدا ہوں گے ۔ انہوننے گلمرگ میں مصنوعی برف تیار کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

سرینگر

ہوم سرینگر میں Abhinandan سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے کل ایک میٹنگ کے دوران گورنمنٹ جسمانی طور خاص طلباءکے لئے سہولیات کو دوام بخشنے سے متعلق معاملات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ان طلباءکے لئے تکنیکی سہولیات میں اضافہ کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں ہنر مند بنانے مزید اقدامات کریں ۔

ڈپٹی کمشنر بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلعے کے مختلف اسمبلی حلقوں میں ترقیاتی پروجیکٹوں کی موثر نظامت اور بر وقت مانیٹرنگ کو یقینی بنانے کے لئے ای نگرانی ایپ کی شروعات کی ۔ اس ایپ کے ذریعے سے سرکاری افسر

اور لجسلیٹر کے درمیان تعاون کو فروغ حاصل ہو گا اور اس کی بدولت پروجیکٹوں کی معیاد بند مدت کے اندر تکمیل بھی یقینی بن جائے گی ۔

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ

کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس NCORD ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب کی صدارت میں کل ضلع سطح کی میں ضلعے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا گیا ۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے منشیات کا قلع قمع کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں ۔

SMC

ڈمپنگ فیسلٹی کا دورہ کر کے وہاں کوڑا Achan سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب نے سرینگر میں کرکٹ کو سائنسی طریقے پر ٹھکانے لگانے سے متعلق طور طریقے کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریشن شہر سرینگر میں کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے اور ماحولیات کو تحفظ دینے کی وعدہ بند ہے ۔

شوپیان

شوپیان میں کل پی ایم وشو کرما سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس دوران کاریگروں کو مالی اعتبار سے با اختیار بنانے اور ان کی ترقی سے متعلق امور پر توجہ مرکوز کی گئی ۔

پلوامہ

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل پلوامہ کے چیر پرسن سید عبد الباری نے ایک میٹنگ کے دوران رواں مالی سال کے دوران درِ دست لئے گئے ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے تمام محکموں پر زور دیا کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں تاکہ لوگ بنیادی سطح پر مستفید ہو سکیں ۔

کرکٹ

انٹرنیشنل کرکٹ سٹیڈیم Pallekele ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کے سپر 8 کے ایک میچ میں کینڈی سری لنکا کے ICC مردوں کے میں انگلینڈ کا مقابلہ پاکستان سے ہو رہا ہے ۔یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہو گا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****